**۱ستمبر بدھ**

کلسیوں1:1-8 زبور51:10-11 لوقا 4:38-44

**اور وہ اُسی دم اُٹھ کر انکی خدمت کرنے لگی۔ لوقا 4:39**

یسوع نے شمعون کی ساس کے پاس کھڑے ہو کر تپ کو جھڑکا تو اُس نے شفا پائی اور اُسی دَم اُٹھ کر اُن کی خدمت کرنے لگی۔ یسوع نے اُسے ایسی زندگی سے متعارف کروایا جو محبت اور خوشی سے بھرپور ہے اور یہ خوشی اپنے بہن بھائیوں کی خدمت کرنے میں ہے۔

**۲ستمبر جمعرات مقدس گریگوری پاپائے اعظم**

کلسیوں 1: 9-14 زبور97:2-6 لوقا1:15-11

**گہرے میں لے چل اور تم شکار کے لئے اپنے جال ڈالو۔ لوقا 5 :4**

گہرے میں ڈالنے کا مطلب ہے اپنے آپ کو محفوظ کنارے سے ہٹا کر سمندری لہروں کے سپرد کر دینا۔ آج یسوع مجھے کہتا ہے کہ اپنے نازک تحفظ سے چپکے رہنے کی بجائے اُس کے کلام سے وابسطہ ہو جاؤں اور وہ کروں جو وہ کہتا ہے۔ اگر شمعون کی طرح میں یسوع پر بھروسہ رکھوں تو مجھے مایوس نہیں ہونا پڑے گا۔ بلکہ مجھے یہ فخر ہو گا کہ میں اُس کی بادشاہت کے لیے اُس کی معاون ہوں۔

**۳ستمبر جمعہ**

کلسیوں1:15-20 زبور 99:2-5 لوقا 5:33-39

**اُس میں سب چیزیں خلق ہوئیں ۔ کلسیوں1 :16**

اُس میں تمام چیزیں خلق کی گئیں۔ مقدس پولوس جو جی اُٹھے یسوع کے ذریعے فتح یاب ہوئے اور روح القدس کی ہدایت سے سب کچھ سیکھا ہمیں بھی نمونہ دیتے ہیں کہ ہم جو یسوع سے پیار کرتے ہیں محبت، اُس کی پہچان، اُس کی بندگی، ایمان اور شُکر گزاری کو اپنے دل میں رکھیں۔

**۴ستمبر ہفتہ**

کلسیوں 1 : 21-23 زبور 53 : 3-4-6-8 لوقا 6: 1-5

**اور تمہیں بھی جو پہلے خارج اور بُرے کاموں کے سبب سے دل سے دشمن تھے۔ کلسیوں 1:21-23**

مقدس پولوس رسول ہمیں یاد کرواتا ہے کہ یسوع کی پہچان سے پہلے تم خُدا کے انکاری اور اپنی خواہشوں کے غلام تھے اور خُدا کو اپنا دشمن سمجھتے

تھے۔کم وبیش ہم سب نے ایسے وقت کا تجربہ کیا ہے۔خُدا کے رحم اور یسوع کے خون سے بچائے جا کر ہم شُکر گزاری سے بھرپور جذبے سے زندہ رہیں گے۔

**۵ستمبر سال کے دوران تیئسواں اتوار کلکتہ کی مقدسہ ٹریزہ**

اشعیا 35 : 4-7 زبور 146 : 7-10 یعقوب 2 : 1-5 مرقس 7 : 13-37

**اُس نے انہیں حکم دیا کہ کسی کو نہ بتانا۔ مرقس 7 :36**

یسوع نے گونگے بہرے کو شفا بخشی تو سب حیران رہ گئے لیکن یسوع کسی شہرت کا خواہشمند نہیں جبکہ ہم غیر معمولی حقائق کے طلب گار ہیں۔ وہ جانتا ہے کہ ان کے ذریعے ہم یسوع کے صلیبی راستہ پر نہیں چل سکتے۔اس لئے اُس نے بتایا کہ اگر ہم اُس کے دیدار کی شادمانی حاصل کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں محبت سے اُس کی بات سننی اور اس کے احکام کی فرمانبرداری کرنا ہوگی۔

**۶ستمبر سوموار**

کلسیوں 1:24-3:2 زبور 61 لوقا 6:6-11

**اور فقیہ اور فریسی اُسکی تاک میں لگے۔ لوقا 6 :7**

فقی اور فریسی یسوع سے حسد کرتے تھے اور ہمیشہ اسکی طرف اپنی اُنگلی اٹھائے رکھتے تھے نہ کہ اپنے دل۔اُنہیں اُس بیمار آدمی میں کوئی دلچسپی نہ تھی۔یہ تو باپ کے پیار کا اظہار تھا جو تمام بنی نوح انسان کی نجات چاہتا تھا۔یہ نجات کا بھید جو صدیوں سے چُھپا ہوا تھا کیسے یسوع اُن پر ظاہر کر سکتا تھا جو گھرے اندھیروں میں تھے۔اے یسوع میں اپنی آنکھیں تیری طرف اُٹھاتا ہوں تاکہ میں خُدا کے مُحبت بھرے چہرے پر دھیان وگیان کر سکوں۔

**۷ستمبر منگل مقدسہ ریجینا کنواری**

**کلسیوں 2:6-15 زبور 144 لوقا 6 : 12-19**

**اور سب اُسے چھونے کی کوشش کرتے تھے۔ لوقا 6: 19**

ایک گرجا گھر میں یوخرستی سجدہ کے دوران حیرت انگیز شفائیہ واقعات پیش آیا۔

میں جس ملک میں خدمت کر رہا ہوں وہاں کے ہسپتال مجھے خوفزدہ کر رہے ہیں۔کافی سال مجھے ان کی ضرورت محسوس نہیں ہوئی جس کے لئے مجھے یسوع کے فضل کا مشکور ہونا لازم ہے اور اس فضل کے لئے بھی جو میں ہر روز اُس کو پاک یوخرست میں لے سکتا ہوں۔

**۸ستمبر بدھ مقدسہ مریم کنواری کی پیدائش**

میکا 5 : 1-4 یا رومیوں 8 : 28-30 زبور 12 متی 1: 1-16 , 18-23

**اور تو اس کا نام یسوع رکھنا۔ متی 1:21**

مقدسہ مریم یسوع کی ماں بننے کے لیے پیدا ہوئی۔ یسوع کا نام سوائے مقدسہ مریم اور مقدس یوسف کے کسی نے اتنے پیار سے نہیں پکارا ہو گا۔ وہ ہماری ماں بننے کے لیے پیدا ہوئی۔ وہ بہت خوش ہوگی اگر ہم اس سے سیکھیں اور اس کے بیٹے یسوع کی مانند ہو جائیں۔

**۹ ستمبر جمعرات مقدس پطرس کلاور**

کُلسیوں 3 : 12-17 زبور 150 لوقا 6 : 27-38

**مجرم نہ ٹھہراؤ تو تم بھی مجرم نہ ٹھہرائے جاؤ گے۔ لوقا 6:37**

حلیم و عاجز اور رحم دل ہونا یقیناً یہ امن کا راستہ ہے، اس کے باوجود میں اکثر اتنا بے وقوف ہو کہ دلیل اور فیصلوں میں اپنا آپ کھو دیتا ہوں۔ جو میرے ارد گرد اور میرے اندر کے امن کو تباہ کر دیتے ہیں۔ آج کی تلاوت خدا کا بہت ہی قیمتی اور اچھا تحفہ ہے۔ جو خدا مجھے پیش کرتا ہے، اور میری مدد کرتا ہے کہ میں اس جیسا ہو جاؤ۔ میں اسے دوبارہ پڑھوں گا، اور دن کے دوران اپنے دل و دماغ میں رکھنے کی کوشش کروں گا۔ تو پھر میرے پاس کچھ نہیں ہو گا سوائے خوشی اور امن کے۔

**۱۰ستمبر جمعہ مقدس نکولا**

1-تیمُوتاوُس 1 : 1-2 , 12-14 زبور 15 لوقا 6 : 39-42

**شاگرد اپنے استاد سے بڑا نہیں بلکہ ہر ایک جب کامل ہوا تو اپنے استاد کی مانند ہو گیا۔ لوقا 6:40**

اے یسوع میرا یہ خواب ہے کہ میں کس طرح تیری طرح بولوں، تیری مانند دیکھوں، معاف کروں اور جانوں کہ کیسے تیری طرح باپ کو سجدہ کروں۔ تو چاہتا ہے اور تو جانتا ہے۔ میں اپنے آپ کو تیرے سپرد کرتا ہوں کہ تُو مُجھے سکھائے کہ میں نے کیسے تیری پاک کلیسیاء میں عاجزی اور ثابت قدمی کے ساتھ شمولیت اختیار کرنی ہے۔ اے پاک روح آ اور مُجھے سکھا۔

**۱۱ستمبر ہفتہ مقدس ہائیسنٹ**

1-تیمُوتاوُس 1 : 15-17 زبور 112 لوقا 6 : 43-49

**وہ اس آدمی کی مانند ہے۔ جس نے گھر بناتے ہوئے گہرا کھود کے چٹان پر بنیاد رکھی۔ لوقا 6:48**

اکثر جب ہمارے کسی پیارے کی وفات ہو جاتی ہے۔ یا کوئی چیز ہماری زندگی میں خلل ڈالتی ہے تو اُس وقت ہم بیدار ہو جاتے ہیں، اور یہ

سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ کہ اس دنیا کی ہر چیز فانی ہے۔ پھر کیا باقی رہے گا؟ وہ جس کے پاس ابدی زندگی کا کلام ہے۔ جو ہمیں ابدی زندگی کی طرف لے کر جاتا ہے اور جو خود ہمیشہ کی زندگی ہے۔

اے یسوع میں تیرے پاس آیا ہوں کہ تجھے سنو اور عمل میں لاؤ، وہ سب کبھی نہیں تباہ و برباد ہوگا جو میں نے تجھ میں تعمیر کیا ہے۔

## ۱۲ ستمبر سال کے دوران چوبیسواں اتوار مقدسہ مریم کا پاک ترین نام

اشعیا 50 : 5-9 زبور 116 یعقوب 2 : 14-18 مرقس 8 : 27-35

**اگر کوئی آدمی میرے پیچھے آنا چاہے۔ اپنی صلیب اُٹھائے اور میرے پیچھے ہو لے۔ مرقس 37:8**

یسوع کی پیروی کا مطلب اس کے راستے پر چلنا ہے اور یہ راستہ خدا کے بیٹے کا ہے وہ خدا جو پیار ہے۔ یسوع کی پیروی سے مراد اپنے آپ کو روزمرہ کی زندگی اور اس میں پیش آنے والی مصیبتوں کو برداشت کرتے ہوئے یسوع کے پیار میں قائم رہنا۔ یسوع مسیح کی پیروی، صلیب کی فتح کا تجربہ ہے جو ہم ہر اتوار کو کرتے ہیں۔ ہیلیلو یاہ،

## ۱۳ ستمبر سوموار مقدس جان کرزاسٹم

1- تیمُوتاؤس 2 : 1-8 زبور 27 لوقا 7 : 1-10

**اتنا بڑا ایمان میں نے اسرائیل میں بھی نہیں پایا۔ لوقا 7:9**

وہ خدا کو ماننے والا نہیں تھا۔ اس نے حلیمی اور عاجزی کے ساتھ یسوع کی طرف رجوع کیا۔ اسے یقین تھا کہ اس کا کلام الٰہی تشکیل دینے والا ہے۔ مجھے ان لوگوں کے ایمان اور پیار سے تعجب نہیں ہوگا جو مذہبی تشکیل کے لحاظ سے مجھ سے زیادہ غریب ہیں۔ میں خدا کے مفت تحائف کا شکر ادا کروں گا، اور میں حلیمی کے ساتھ اس کے اور تمام لوگوں سے سامنے کھڑا ہوں گا۔

## ۱۴ ستمبر منگل پاک صلیب کی سرفرازی

عدد 21 : 4-9 زبور 77 فلپیوں 2 : 6-11 یوحنا 3 : 13-17

**اور جس طرح موسیٰ نے سانپ کو بیابان میں بلند کیا۔ اسی طرح ضرور ہے کہ ابن انسان بھی بلند کیا جائے۔ یوحنا 3:14**

جیسا موسیٰ نے سانپ کو بلند کیا۔ اسی طرح ابن انسان بھی بلند کیا جائے گا۔ اے باپ میں تجھے چاہتا ہوں۔ میں تجھ سے معافی اور تیرا فضل مانگتا ہوں کہ تجھے پیار کرنے کے قابل ہوں، تو نے اپنے بیٹے کو اپنے سے زیادہ پیار کیا۔ مجھ گُنہگار کو ابدی زندگی دینے کیلئے تو نے اُسے روح اور جسم کے عذابوں کے درمیان صلیب پر کیلوں سے جڑا اور اس نے اپنی جان قربان کر دی۔ یسوع صلیب پر میرے لیے ہے۔ ہم سب کے لیے ہے۔ میں تجھے سجدہ کرتا ہوں، میں تُجھ سے تیرا رحم اور فضل مانگتا ہوں کہ تو مجھے اپنے پیار کے قابل بنا۔

**۱۵ ستمبر　　بدھ　　دُکھیاری مقدسہ مریم کنواری**

1-تیمُوتاؤس 3 : 14-16　　زبور 110　　لوقا 7 : 31-35　یا　یوحنا 19 : 25-27

**تا کہ بہت سے دلوں کے خیال کُھل جائیں۔　لوقا 2:35**

تم تب ہی یسوع کی پیروی کر سکتے ہو اگر تم واقعی اسے پیار کرتے ہو۔اس کے ساتھ سمجھوتہ اور نصف اقدامات جلد سامنے آتے ہیں اور آ کر پاک صلیب کے دامن میں گر جاتے ہیں۔مقدسہ مریم گری نہیں صلیب کے دامن میں اس کی ہاں کی سچائی اس کے بیٹے خداوند یسوع مسیح کے ساتھ متحد تھی،اور وہ ہاں موت اور جی اُٹھنے تک ایک ابدی ہاں ہے۔

**۱۶ ستمبر　　جمعرات　　مقدس کورنیلیس اور مقدس سپرین**

1-تیمُوتاؤس 4 : 12-16　　زبور 110　　لوقا 7 : 36-50

**تیرے ایمان نے تجھے بچا لیا ہے۔　لوقا 7:50**

اس غریب گنہگار نے خدا کو تحفہ میں پایا۔جو پیار کا خدا اچھائی اور رحم سے بھرپور ہے۔اس نے ایمان کو پایا یہاں تک کہ اس نے یسوع تک رسائی پائی جو صرف اسے بچا سکتا تھا۔ہم بھی آسمانی باپ کے تحفے سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔اور ہم بھی چھوٹی سے چھوٹی ضرورت میں خدا پر ایمان رکھتے اور اس کے پاس جاتے ہیں۔

**۱۷ ستمبر　　جمعہ　　مقدس رابرٹ بلارمین**

1-تیمُوتاؤس 6 : 2-12　　زبور 48　　لوقا 8 : 1-3

**کیونکہ زر دوستی ہر طرح کی بدی کی جڑ ہے۔　1-تیمُوتاؤس 6:10**

مقدس پولوس رسول نے یسوع کے ان الفاظ کی تصدیق کی کہ تم خدا اور دولت دونوں کی خدمت نہیں کر سکتے۔اے روح القدس آ اور اپنے آپ کو کلیسیاء کا دل بنا۔ایک غریب دل،صرف یسوع کی محبت میں مالا مال،ایک ایسا دل جس سے تھوڑا سا اطمینان ہوتا ہو۔تا کہ ان لوگوں کی طرف توجہ دلائے جو تکلیف برداشت کرتے ہیں۔اور جانتے ہیں کہ انہیں کس طرح سکون ملتا ہے۔وہ دل جو اس دنیا کے حکمرانوں سے پاک اور دنیا کو ہمیشہ کی زندگی دینے کے قابل ہو۔

**۱۸ ستمبر　　ہفتہ**

1-تیمُوتاؤس 6 : 13-16　　زبور 99　　لوقا 8 : 4-15

**بونے والا اپنا بیج بونے نکلا۔ لوقا 5:8**

میں یہ نہیں جانتا کہ کونسا بیج، کونسا کلام میرے آج کے دن کی زمین پر گرئے گا۔شاید یہ کہ تو نہ آزما، معاف کر، اوراپنے آپ کو آخری جگہ پر رکھ، خوف نہ کر اور ہمیشہ دعا میں سرگرم رہ۔مبارک ہیں جو امن کے پوجاری ہیں۔جنگلی سوسنوں کو دیکھو، اور بہت سے دوسرے۔میں روح القدس سے دعا مانگتا ہوں کہ وہ ان بیجوں کو پامال نہ کرنے میں میری مدد کرے۔ بلکہ اس کلام پر عمل کرنے میں مدد کرے جو میرے اور بہت سے لوگوں کے لئے زندگی اور امن کا پھل ہوگا۔

**۱۹ ستمبر سال کے دوران پچیسواں اتوار مقدس جینارو**

حکمت 2 : 12,17-20 زبور 54 یعقوب 3 : 16-4 : 3 مرقس 9 : 30-37

**اور قتل ہونے کے بعد تیسرے دن وہ جی اٹھے گا۔ مرقس 31:9**

اے یسوع تیرے الفاظ تیرے مشن کے دل کو ظاہر کرتے ہیں۔مرنا اور پھر جی اٹھنا۔یہ وہ راستہ ہے جس کے ذریعے باپ کی محبت ہم پر عیاں ہوئی۔تو نے اپنے بیٹے کی محبت سے اس کا خیر مقدم کیا۔میں بھی اسی طرح ہر روز اپنی زندگی میں صلیب کا خیر مقدم کرنا چاہتا ہوں۔میں بھی مرنا چاہتا ہوں اور تیرے ساتھ دوبارہ جی اٹھنا چاہتا ہوں۔میں یہ یقین رکھتا ہوں کہ اے خدا تو ہمیشہ اس تاریک راستے کو روشن کرے گا، اس کو برکت دے گا، پراسرار اور پھلدار بنائے گا۔

**۲۰ ستمبر سوموار مقدس اندریاس کم تیا گون مقدس پولوس چونگ حاسنگ اور ساتھی**

عزرا 1 : 1-6 زبور 125 لوقا 8 : 16-18

**کوئی آدمی چراغ جلا کر اسے برتن سے نہیں چھپاتا نہ پلنگ کے نیچے رکھتا ہے۔ بلکہ چراغ دان پر رکھتا ہے۔ لوقا 16:8**

جب میں ایمان سے دور تھا اور دنیا کی تاریکی میں ڈوبا ہوا تھا۔تو میں نے تیرے کچھ شاگردوں سے ملاقات کی۔ان کی نگاہوں، ان کی سلامتی اور ان کی دلچسپ محبت نے میرے اداس دل سے ایک ہزار الفاظ سے زیادہ باتیں کیں۔انہوں نے میرے دل کی کیفیت کو محسوس کیا، لیکن تو نے انہیں میرے لیے ہلکا اور گرم بنا دیا۔ان میں سے کچھ اب جنت میں پہلے ہی سے تیرے قریب ہیں۔لیکن مجھے اب بھی ان کی بہت یاد آتی ہے۔میں ان سے پیار کرتا ہوں۔ان کے ساتھ رہتا ہوں۔یسوع تیرا شکر ہو تیرے مقدسین کیلئے۔

**۲۱ ستمبر منگل مقدس متی رسول انجیل نویس**

افسیوں 4 : 1-7,11-13 زبور 18 متی 9 : 9-13

**میرے پیچھے ہو لے۔ مقدس متی 9:9**

میرے پیچھے ہولو یہ یسوع کی دعوت تھی جس نے مقدس متی کی زندگی کو بدل ڈالا۔ یہ خدا کا کلام تھا جو اُس کے دل تک پہنچا بغیر کسی ہچکچاہٹ کے اُس نے اپنا سب کچھ چھوڑنے کا ارادہ کرلیا اور اُس تربیت گاہ میں گیا جس کا معلم بہت مختلف تھا۔ خدا کی رحمت اور اعتماد نے اُسے دل کی گہرائیوں سے چھولیا جس سے وہ ہمیشہ اپنے مالک اور نجات دہندہ کے ساتھ تعاون کرنے کے لئے تیار رہا۔

## ۲۲ ستمبر بدھ

**عزرا** 9 : 9-5 زبور 13 لوقا 9 : 1-6

**اور انہیں بھیجا تاکہ خدا کی بادشاہی کی منادی کریں اور بیماروں کو شفا دیں۔ اور اُس نے اُن سے کہا کہ راہ کے لئے کچھ نہ لو۔ لوقا 9:2-3**

اے یسوع تو ہمیں غریب چاہتا ہے اور ہمیں غریب بھیجتا ہے۔ برسوں سے ہمارے بھائی ہمیں مشن پر بھیج رہے ہیں۔ ہمارے گھر کا گودام ہر چیز سے لیس ہے۔ جب ہم مشن کے لئے جاتے ہیں تو ہمارے پاس کچھ نہیں ہوتا۔ ہمیں یہ دیکھنے کا موقع ہے کہ خدا کیسے دن بہ دن ہمیں مہیا کرتا ہے۔ پھر ہم اپنے غریبوں کو خوش کرنے کے لئے کیا کرتے ہے۔ اے اچھے باپ تیرا شکریہ۔

## ۲۳ ستمبر جمعرات مقدس پادرے پیو

حجائی 1 : 1-8 زبور 149 لوقا 9 : 7-9

**تم نے بہت سا بویا لیکن تھوڑا کاٹا۔ حجائی 1 : 6**

نبی حجائی لوگوں کو یاد دلاتا ہے۔ کہ ہمیں خدا کے کلام نے پھر جلا وطنی سے نکالا ہے۔ خدا کا کلام وہ ہے جو ہمیں تیار کرتا اور روشناس کرتا ہے۔ یہ کلام ہمارے لئے زندگی اور نجات کی نئی راہیں ہموار کرتا ہے جو ہمیں قوت وخوشی بخشتا ہے تا کہ ہم دنیا کے ساتھ ساتھ چلیں۔

## ۲۴ ستمبر جمعہ مقدسہ مریکلا مقدسہ ستفنیہ

حجائی 2 : 1-9 زبور 42 لوقا 9 : 18-22

**تب اُس نے اُن سے کہا۔ مگر تم کیا کہتے ہو کہ میں کون ہوں۔ لوقا 9 : 20**

یسوع نے شاگردوں کی گفتگو کو سنا اور ان سے پوچھا کہ تم مجھے کیا کہتے ہو۔ انہوں نے کہا کہ ہم خاص طور پر تیری محبت کو محسوس نہیں کرتے کہ تو نے ہم میں سے ہر ایک کو بہت سے خوبصورت اور اعلی معیار شخصیات میں سے چنُا۔ جو بہت قابل اور ہم سے بہتر ہیں۔ ہم تیرا شکر ادا کرتے ہیں۔ کیونکہ تو ہمارا نجات دہندہ ہے اور ہمیشہ تجھ پر بھروسہ رکھتے ہیں۔ ہم تیرا شکر کرتے اور تجھے سجدہ کرتے ہیں اور اپنا آپ تجھے خوشی سے پیش کرتے ہیں۔

### ۲۵ ستمبر　　ہفتہ　　مقدس اوریلیا

زکریا 2 : 9-5 , 15-14　　زبور 31　　لوقا 9 : 45-43

**یہ باتیں تم اپنے کانوں میں رکھو۔ کہ ابن انسان انسانوں کے ہاتھ میں حوالہ کیا جائے گا۔ لوقا 9 : 44**

یسوع اپنے شاگردوں سے کہتا ہے کہ وہ ان الفاظ کو اپنے ذہن میں رکھیں کہ یہ حقیقت ہے کہ وہ انسانوں کے حوالے کیا جائے۔اور یہ تب کہا جب ہر کوئی اپنے کاموں کی تعریف کرر ہا تھا۔یسوع جانتا تھا کہ وہ صلیب پر قربان کیا جائے گا اور اُس نے اِس صلیبی قربانی کو خوشی اور محبت سے قبول کیا۔اس لیے یسوع نہیں چاہتا کہ اُس کے پیروکار اپنی راہ سے بھٹکے اور مایوسی اور دھوکے کی راہ پر چلے۔

### ۲۶ ستمبر　　سال کے دوران چھبیسواں اتوار　　مقدس کاسمس　مقدس دامیان

عدد 11 : 29-25　　زبور 19　　یعقوب 5 : 6-1　　مرقس 9 : 42-37 , 48-44

**جو کوئی میرے نام پر تمھیں ایک پیالہ پانی پینے کو دے اس لحاظ سے کہ تم مسیح کے ہو　۔مرقس 9 : 40**

اے خدا میں تیرے کلام کا شکر ادا کرتا ہوں کیونکہ تیرے کلام کے وسیلے سے ہی میں اس قابل ہوا کہ اُن لوگوں کو خوشی اور پیار کے ساتھ اپنے دل میں جگہ دے سکوں جو پاک کاتھولک کلیسیا سے تعلق نہیں رکھتے۔کیونکہ خوشی حقیقی طور پر تیری خواہش ہے اور یہ عزم کے ساتھ ساتھ چلتی ہے۔

### ۲۷ ستمبر　　سوموار　　مقدس ونسنٹ ڈی پال

زکریا 8 : 18-1　　زبور 101　　لوقا 9 : 50-46

**اور اُن سے کہا کہ جو اس بچے کو میرے نام پر قبول کرے وہ مجھے قبول کرتا ہے۔ لوقا 9 : 48**

یسوع کے شاگرد اس پر گفتگو کر رہے تھے کہ ان میں سے بڑا کون ہے۔یسوع اپنے شاگردوں سے بڑی حلیمی سے بات کرتے ہوئے اُن سے کہتا اور ان پر روشنی ڈالتا ہے کہ صرف وہی لوگ خدا کے حضور بڑے ہیں جو اُس کو دل سے قبول کرتے، چھوٹی چھوٹی چیزوں میں اس کو پیار کرتے اور اپنی اس خوبی یا عمل کو چھپائے رکھتے ہیں۔

### ۲۸ ستمبر　　منگل　　مقدس ونسلاؤس　مقدس لارنس روئز اور ساتھی

زکریا 8 : 23-20　　زبور 86　　لوقا 9 : 56-51

**اور کہیں گے کہ ہم تمہارے ساتھ چلیں گے کیونکہ ہم نے سنا ہے کہ خدا تمہارے ساتھ ہے۔ زکریا 8 : 23**

ہم مسیحی خداوند یسوع مسیح کی کلیسیاء یعنی نیا اسرائیل ہیں۔اور ہم ایک عظیم تحفہ اور ذمہ داری کے حامل ہیں۔خدا ہمیں اپنی حضوری کا تجربہ

کرواتا ہے۔اور یہ تب ہی ممکن ہے جب ہم ایک دوسرے کو پیار کریں گے اور متحد ہو کر رہیں گے چاہے اس کی کوئی قیمت کیوں نہ ادا کرنی پڑے۔آج ہم خود سے یہ وعدہ کرتے ہیں کہ ہم خدا کو زیادہ سے زیادہ جانیں گے اور سب کیلئے خدا کی برکات کا وسیلہ بنیں گے۔

## ۲۹ستمبر بدھ مقدس میکائیل مقدس جبرائیل اور مقدس رفائیل

دانیال 7 : 9-13,10-14 یا مکاشفہ 12 : 7-12 زبور 138 یوحنا 1 : 47-51

**میں تم سے سچ سچ کہتا ہوں کہ تم آسمان کو کھلا اور خدا کے فرشتوں کو اُوپر جاتے اور ابن انسان پر اُترتے دیکھو گے۔ یوحنا 1 : 51**

خدا ہم سے فرشتوں کی صورت میں ملتا ہے۔جو اُس کی پرستش کرتے ہیں اور یہ خدا کے فرشتے ہم انسانوں کے خدمت گزار ہیں اور ہماری مدد کرتے ہیں تاکہ ہم اپنی روحانی زندگی کو مسیح یسوع میں فروغ دیں۔اے خدا میں تیرا شکر کرتا ہوں کہ تو نے مجھے یہ قوت بخشی تاکہ میں خداوند یسوع مسیح کو اپنی زندگی کا مرکز بنا سکوں۔

## ۳۰ستمبر جمعرات مقدس جیروم

نحمیاہ 8 : 1-12 زبور 18 لوقا 10 : 1-12

**اور وہ اُن سے کہتا تھا کہ فصل تو بہت ہے پر مزدور تھوڑے ہیں۔ لوقا 10 : 2**

یسوع ایک بار پھر ان الفاظ کو دہراتے ہیں کہ تم ان لوگوں کی اہم ضروریات کو دیکھو جن کو خدا نے پیار کیا اور جو تمہارے ساتھ مل کر لوگوں کو زندگی کی طرف لے کر آتے ہیں اور وہ یہ لوگ ہیں جو اپنے اندر تمہاری روح کو سموئے ہیں جو پیار، حکمت اور امن کی روح ہے۔آج ہم بھی خدا سے التجا کرتے ہیں کہ وہ ہمیں بھی ایسے مزدوروں کے تحفہ سے نوازے جو خدا کے کلام کی اطاعت کرتے ہوئے ہماری دعاؤں کو تقویت بخشتے ہیں۔